THE NEWS
28 JAN 2016 Page no 15

Chairman NA body threatens resignation on textile woes

By Shahnawaz Akhter

KARACHI: Chairman Standing Committee of the National Assembly on Textile Khawaja Ghulam Rasool Koreja threatened to resign if the government would fail to resolve the issues facing the industry.

Koreja, talking to the office bearers of the Pakistan Hosiery Manufacturers Association (PHMA) on Wednesday, said the committee will call officials of finance and commerce ministries as well as the Federal Board of Revenue (FBR) to discuss the matters especially related to sales tax refunds.

The committee's chief, heading a 19-member delegation, assured the representatives of the value-added sector of solving their problems.

He said the committee will also hold a meeting with the Prime Minister and Finance Minister for apprising them of the sensitivity of issues. He identified four issues pertaining to value-added textile sector, including refunds, export development fund, new markets and cost of production.

The chairman also constituted a sub-committee to discuss the difficulties with other representatives of the value-added sector.

Committee member Abdul Rashid Godil said sales tax threshold should be eliminated and a reduced and uniform rate be introduced.

Godil said that he had raised voice for the important sector but it appeared that the government was more focusing on trading instead of manufacturing.

He said sales tax refunds are working capital of textile

Continued on page 17

Chairman NA body threatens resignation on textile woes

Continued from page 15

industry, which should immediately be paid. He also said the committee will propose a mechanism under which the tax authorities do not need to collect taxes to make refunds at the later stage.

Another member Shafqat Hayat Khan said the committee can only recommend the proposals to the government. Khan said the utility charges in Pakistan should be brought at par with those in regional countries to make the local export industry competitive in the global markets.

A committee member Akram Ansari said the government is not considering the contributions made by the sector towards the national GDP.

Ansari said there is need to identify factors to make the local products competitive in the international markets.

Another member Romina Khurshid, however, said the committee is powerful enough to get the proposals approved. Khurshid said difficulties faced by the value-added sectors would be pursued at all the government forums until they are resolved.

Chief Coordinator Jawed Bilwani at PHMA said though the standing committee raised the voice about revival of zero-rate sales tax regime, yet the government didn't pay heeds.

Bilwani said value-added sector had intimated the government about the falling exports, but the government did not take it seriously. He attributed the decreasing exports to higher utility prices and uncompetitiveness in the international markets.

He said Pakistan's exports grew to $23.8 billion from $4.9 billion during the last 25 years, while Bangladesh's exports rose to $30.1 billion from $1.6 billion and India to $310.3 billion from $16.6 billion in the same period.

He said the government failed to promote the sector as there is no textile minister in the country.

Bilwani said the textile exports contributed around $13.47 billion to the total exports of $23.8 billion. The share of value-added sector in textile export is $11.4 billion.

He warned that Pakistan would no more be a textile exporting country considering the present situation.

He added that stuck sales tax-refund is one of the major issues and proposed no payment and no refund mechanism.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37-H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

DAWN THURSDAY JANUARY 28, 2016 Page-No 11

NA body backs zero-rating for five export sectors

By Our Staff Reporter

KARACHI: The National Assembly Standing Committee on Textile Industry on Wednesday supported the value-added textile sector's demand for declaring all five export-oriented sectors as zero rated from sales tax.

The committee, led by MNA Khawaja Ghulam Rasool Koreja, met with the value-added textile sector's representatives at the PHMA House and showed full support to their demands.

The committee agreed with declaring exports as zero rated and following the 'no payment, no refund' system which was practiced up to March 2013.

The meeting observed that this will reduce the work load of the Federal Board of Revenue and also spare the export sector from wasting time in getting refunds.

The standing committee also agreed that power and gas tariffs should be at par with regional competitors and the textile sector be declared separately in the tariff structure.

Pakistan Apparel Forum Chairman Muhammad Jawed Bilwani said that during budget meetings, the industry had warned the government that vital exports will plunge by around 20 per cent if sales tax on exports was not withdrawn and cost of doing business was not brought at par with regional competitors.

However, there was no response from the government and the exports declined substantially despite the GSP+ scheme.

The committee also agreed that priority should be given to export-oriented industry in uninterrupted supply of all utilities.

Mr Koreja said the FBR should ensure immediate payment towards outstanding claims of sales tax, drawback and local taxes of the export sector. He further suggested that customs rebate should be refunded along with export proceeds realisation.

The committee members also supported the idea that the government should provide free of cost cotton seed to growers and purchase cotton from growers at the world price.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ جنگ کراچی جمعرات 28 جنوری 2016ء

قائمہ کمیٹی ٹیکسٹائل

بجلی وگیس کے نرخ کم کرکے سارک ممالک کی سطح پر لائے جائیں

اجلاس میں متفقہ طور پر ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے مطالبات وتجاویز کی مکمل حمایت، عمل درآمد کیلئے 4 رکنی سب کمیٹی قائم

حکومت برآمدات میں اضافے کیلئے واقعی سنجیدہ ہے تو متعلقہ وزارتوں، محکموں میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کرے، جاوید بلوانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بقا کے لیے بجلی اور گیس کے نرخ خصوصی طور پر کم کرکے سارک ممالک کی سطح پر لائے جائیں، قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ٹیکسٹائل انڈسٹری نے متفقہ طور پر ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے مطالبات وتجاویز کی مکمل حمایت کرتے ہوئے ان پر عمل درآمد کے سلسلے میں 4 رکنی سب کمیٹی قائم کردی ہے۔ بدھ کو ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل ایسوسی ایشنز کے عہدیداروں سے خطاب کے دوران قائمہ کمیٹی کے چیئرمین خواجہ غلام رسول کوریجہ نے کہا کہ عنقریب ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے رہنماؤں کی ملاقات وزیراعظم نواز شریف اور وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار سے کرائی جائے گی، اجلاس میں اراکین قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل، حاجی محمد اکرم انصاری، سردار محمد شفقت حیات خان، رانا عمر نذیر خان، میاں شاہد حسین خان بھٹی، ملک بشیر اعوان اور روبینہ خورشید عالم نے بھی خطاب کیا، کمیٹی نے متفقہ طور پر کہا کہ ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بقا کے لیے بجلی اور گیس کے نرخ خصوصی طور پر کم کرکے سارک ممالک کی سطح پر لائے جائیں تاکہ لاگت میں کمی سے اس سیکٹر کے برآمدکنندگان حریف ممالک سے مسابقت کرسکیں، کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کو زیرو ریٹڈ کیے جانے کے ساتھ رکے ہوئے سیلز ٹیکس، کسٹمز ریبیٹ اور ڈی ایل ٹی ایل کلیمز کی فوری طور پر ادائیگیاں کی جائیں، اجلاس سے خطاب کے دوران پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی نے کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بدقسمتی ہے کہ اس کا وزیر ہی نہیں ہے جو مسائل حل کراسکے، ہماری تمام متعلقہ وزارتیں اور محکمے برآمدات کے معاملات میں بری طرح ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اربوں ڈالر کا زرمبادلہ کمانے والے ویلیو ایڈیڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کو بے یارومددگار چھوڑ دیا گیا ہے یہ امر نہایت شرمناک ہے کہ حکومت نے خام مال کی درآمد پر ڈیوٹی نافذ کردی ہے جبکہ ڈیوٹی خام مال کی برآمدات پر عائد کی جانی چاہیے تھی انہوں نے کہا کہ اگر حکومت برآمدات میں اضافے کے لئے واقعی سنجیدہ ہے تو اسے فوری طور پر متعلقہ وزارتوں اور محکموں میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کرے۔ انہوں نے حکومت کی غلط پالیسیوں پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جن برآمدی صنعتوں نے پچھلے 15 سے 20 سال میں افزائش حاصل کی تھی وہ اب تیزی سے بند ہورہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کا قاعدہ ہے کہ ریفنڈ پیمنٹ آرڈر کی تاریخ کے سات دن کے اندر سیلز ٹیکس ریفنڈ کلیمز کی ادائیگیاں کردی جائیں گی مگر اس قاعدے کی سنگین خلاف ورزی کی گئی ہے اور تاحال اربوں روپے کے کلیمز رکے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے ممبرز کو سرکلر جاری کیا تھا کہ آر پی اوز کے اجرا کے بعد رکے ہوئے ریفنڈ کلیمز کی تفصیل بھیجیں جس پر صرف 4 دن میں 2 ارب روپے کے کلیمز کی تفصیل مل گئی اور یہ سلسلہ جاری ہے۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ جمعرات 28 جنوری، 2016ء

ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے مطالبات پر پارلیمانی سب کمیٹی قائم

قائمہ کمیٹی ٹیکسٹائل کا شعبے کے شراکت داروں کے ساتھ اجلاس، حمایت کی یقین دہانی

وزیراعظم اور اسحٰق ڈار سے ملاقات کرائیں گے، چیئرمین، اجلاس میں حکومتی پالیسیوں پر کڑی تنقید

کراچی (بزنس رپورٹر) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ٹیکسٹائل انڈسٹری نے ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے مطالبات وتجاویز کی مکمل حمایت کرتے ہوئے ان پر عمل درآمد کے سلسلے میں 4 رکنی سب کمیٹی قائم کردی ہے۔ بدھ کو ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل ایسوسی ایشنز کے عہدیداروں سے خطاب کے دوران قائمہ کمیٹی کے چیئرمین خواجہ غلام رسول کوریجہ نے کہا کہ عنقریب ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے رہنماؤں کی ملاقات وزیراعظم نوازشریف اور وفاقی وزیرخزانہ اسحٰق ڈار سے کرائی جائے گی۔ اجلاس میں اراکین قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل، حاجی محمد اکرم انصاری، سردار محمد شفقت حیات خان، رانا عمر نذیر خان، میاں شاہد حسین خان بھٹی، ملک بشیر اعوان اور روبینہ خورشید عالم نے بھی خطاب کیا۔ کمیٹی نے متفقہ طور پر کہا کہ ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بقا کے لیے بجلی اور گیس کے نرخ خصوصی طور پر کم کر کے سارک ممالک کی سطح پر لائے جائیں تا کہ لاگت میں کمی سے برآمد کنندگان حریف ممالک سے مسابقت کرسکیں۔ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کو زیرو ریٹڈ کرنے کے ساتھ رکھے ہوئے سیلز ٹیکس ریفنڈز، کسٹمز ری بیٹ اور ڈی ایل ٹی ایل کلیمز کی فوری طور پر ادائیگیاں کی جائیں۔ اجلاس سے خطاب کے دوران پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی نے کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بدقسمتی ہے کہ اس کا وزیر ہی نہیں ہے، جو مسائل حل کراسکے، برآمدات میں کمی سے ثابت ہوتا ہے کہ تمام متعلقہ وزارتیں اور محکمے بری طرح ناکام رہے ہیں، اربوں ڈالر کمانے والے ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا ہے، یہ امر نہایت شرمناک ہے کہ حکومت نے خام مال کی درآمد پر ڈیوٹی نافذ کردی ہے جبکہ ڈیوٹی خام مال کی برآمد پر لگنی چاہیے تھی۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت برآمدات میں اضافے کیلیے واقعی سنجیدہ ہے تو فوری طور پر متعلقہ وزارتوں اور محکموں میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کرے، نالائق اور نااہل لوگوں کو ہٹا کر قابل اور ذمے دار افراد کو لایا جائے۔ محمد جاوید بلوانی نے حکومت کو تنبیہ کی کہ اگر بنگلہ دیش اور بھارت کے مساوی نرخ پر یوٹیلٹیز، خام مال کی لاگت کم، برآمدات کو ''نو پیمنٹ، نو ریفنڈ'' کے تحت زیرو ریٹ اور برآمد کنندگان کو پھنسے ہوئے اربوں روپے کے ریفنڈ ادا نہ کیے گئے تو ہماری برآمدات یونہی آئی سی یو میں آخری سانسیں لیتی رہیں گی۔ انہوں نے حکومتی پالیسیوں پر کڑی تنقید کی اور کہا کہ جن برآمدی صنعتیں تیزی سے بند ہورہی ہیں، ہم برآمدات کی تباہی سے حکومت کو کئی سال سے آگاہ کررہے ہیں مگر لگتا ہے کہ حکومت کو کوئی پرواہ نہیں اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو حکومت کو برآمدات کو اللہ حافظ کہہ کر کشکول پر انحصار جاری رکھنا پڑے گا زبیر موتی والا نے کہا کہ بھارتی وزیراعظم مودی کی ناقابل یقین ترغیبات اور مراعات سے بھارتی ٹیکسٹائل مصنوعات کی پیداواری لاگت بہت کم ہوگئی ہے جو پاکستانی برآمد کنندگان کیلیے مزید مشکلات کا باعث بنے گی۔ اس موقع پر ڈاکٹر خرم طارق، عبدالرشید فوڈر والا، کامران چاندنہ، خواجہ عثمان، رفیق گوڈیل، ذوالفقار علی چوہدری، فرخ مقبول اور عبدالصمد بھی موجود تھے۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
C.H.S.
KARACHI

روزنامہ ''نئی بات'' کراچی (6) 28 جنوری 2016ء

ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے تجاویز پر عملدرآمد کیلئے 4 رکنی کمیٹی قائم

عنقریب ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے رہنماؤں کی ملاقات وزیراعظم سے کروائی جائے گی، خواجہ غلام رسول

کراچی (کامرس رپورٹر) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ٹیکسٹائل انڈسٹری نے متفقہ طور پر ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے مطالبات وتجاویز کی مکمل حمایت کرتے ہوئے ان پر عمل درآمد کے سلسلے میں 4 رکنی سب کمیٹی قائم کردی ہے بدھ کو ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل ایسوی ایشنز کے عہدیداروں سے خطاب کے دوران قائمہ کمیٹی کے چیئرمین خواجہ غلام رسول کوریجہ نے کہا کہ عنقریب ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے رہنماؤں کی ملاقات وزیراعظم نواز شریف اور وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار سے کروائی جائے گی، اجلاس میں اراکین قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل، حاجی محمد اکرم انصاری، سردار محمد شفقت حیات خان، رانا عمر نذیر خان، میاں شاہد حسین خان بھٹی، ملک بشیر اعوان اور رومینہ خورشید عالم نے بھی خطاب کیا، کمیٹی نے متفقہ طور پر کہا کہ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بقا کے لیے بجلی اور گیس کے نرخ خصوصی طور پر کم کر کے سارک ممالک کی سطح پر لائے جائیں تاکہ لاگت میں کمی سے اس سیکٹر کے برآمدکنندگان حریف ممالک سے مسابقت کرسکیں، کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کو زیرو ریٹڈ کیے جانے کے ساتھ رکے ہوئے سیلز ٹیکس، کسٹمز ریبیٹ اور ڈی ایل ٹی ایل کلیمز کی فوری طور پر ادائیگیاں کی جائیں، اجلاس سے خطاب کے دوران پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی نے کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بدقسمتی ہے کہ اس کا وزیر ہی نہیں ہے جو مسائل حل کروا سکے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ 25 برسوں میں پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات میں صرف 267 فیصد افزائش حاصل کی ہے جبکہ بھارت نے 699 فیصد اور بنگلہ دیش نے 2705 فیصد افزائش حاصل کی ہے۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ بیوپار کراچی (2) جنوری 2016ء

ٹیکسٹائل انڈسٹری کیلئے بجلی وگیس کے نرخ کم کیے جائیں، قائمہ کمیٹی

لاگت میں کمی سے اس سیکٹر کے برآمد کنندگان حریف ممالک سے مسابقت کرسکیں، مشترکہ بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ٹیکسٹائل انڈسٹری نے متفقہ طور پر ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے مطالبات وتجاویز کی مکمل حمایت کرتے ہوئے ان پر عمل درآمد کے سلسلے میں 4 رکنی سب کمیٹی قائم کردی ہے بدھ کو ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل ایسوسی ایشنز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

بقیہ 24 قائمہ کمیٹی

عہدیداروں سے خطاب کے دوران قائمہ کمیٹی کے چیئرمین خواجہ غلام رسول کوریجہ نے کہا کہ عنقریب ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے رہنماؤں کی ملاقات وزیراعظم نوازشریف اور وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار سے کروائی جائے گی، اجلاس میں اراکین قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل، حاجی محمد اکرم انصاری، سردار محمد شفقت حیات خان، رانا عمر نذیر خان، میاں شاہد حسین خان بھٹی، ملک بشیر اعوان اور روبینہ خورشید عالم نے بھی خطاب کیا، کمیٹی نے متفقہ طور پر کہا کہ ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بقا کے لیے بجلی اور گیس کے نرخ خصوصی طور پر کم کرکے سارک ممالک کی سطح پر لائے جائیں تاکہ لاگت میں کمی سے اس سیکٹر کے برآمدکنندگان حریف ممالک سے مسابقت کرسکیں، کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کو زیرو ریٹڈ کیے جانے کے ساتھ رکے ہوئے سیلزٹیکس، کسٹمز ریبیٹ اور ڈی ایل ٹی ایل کلیمز کی فوری طور پر ادائیگیاں کی جائیں، اجلاس سے خطاب کے دوران پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی نے کہا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بدقسمتی ہے کہ اس کا وزیر ہی نہیں ہے جو مسائل حل کرواسکے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ 25 برسوں میں پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات میں صرف 267 فیصد افزائش حاصل کی ہے جبکہ بھارت نے 699 فیصد اور بنگلہ دیش نے 2705 فیصد افزائش حاصل کی ہے جس معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان بہت پیچھے رہ گیا ہے، ملکی برآمدات بڑھنے کے بجائے کم ہورہی ہیں، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہماری تمام متعلقہ وزارتیں اور محکمے برآمدات کے معاملات میں بری طرح ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اربوں ڈالر کا زرمبادلہ کمانے والے ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کو بے یارومددگار چھوڑ دیا گیا ہے، یہ سیکٹر ملک کے ایک بہت بڑے حلقے کو روزگار بھی فراہم کرتا رہا ہے مگر اب حکومت کی عدم توجہی سے یہ سیکٹر اپنے اصل مقصد سے ہٹ کر مر رہا ہے۔ افسوسناک کی بات تو یہ ہے کہ اس اہم سیکٹر کے لئے ٹیکسٹائل وزیر کی تعیناتی نہیں کی گئی۔ یہ امر نہایت شرمناک ہے کہ حکومت نے خام مال کی درآمد پر ڈیوٹی نافذ کردی ہے جبکہ ڈیوٹی خام مال کی برآمدات پر عائد کی جانی چاہیے تھی کہ دنیا بھر میں خام مال کی برآمد کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے اہم ویلیوایڈیڈ سیکٹر کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔ اہم فیصلوں میں ویلیوایڈیڈ سیکٹر کو اعتماد میں نہیں لیا جاتا اور نہ ہی مشاورت کی جاتی ہے جس کے باعث یہ بدقسمت سیکٹر عالمی مارکیٹوں میں اپنا حصہ کھو رہا ہے۔ حکومت کی مجرمانہ غفلت کی وجہ سے ہمارے حریف ممالک بنگلہ دیش اور سری لنکا بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت برآمدات میں اضافے کے لئے واقعی سنجیدہ ہے تو اسے فوری طور پر متعلقہ وزارتوں اور محکموں میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کرے، نالائق اور نااہل لوگوں جو اپنی ذمے داریاں اور فرائض انجام دینے میں ناکام ثابت ہوئے ہیں ان کو ہٹا کر ان کی جگہ قابل اور ذمے دار افراد کو لایا جائے کیا یہ بات افسوسناک نہیں کہ ہماری 183 ارب روپے کی برآمدات کم ہوچکی ہیں جس سے قیمتی زرمبادلہ کا بھی نقصان ہوا ہے۔ محمد جاوید بلوانی نے حکومت کو تنبیہ کی کہ اگر بنگلہ دیش اور بھارت کے مساوی یوٹیلیٹیز سمیت خام مال کی لاگت کم نہ کی گئی اور اگر ہماری برآمدات کو نو پیمنٹ، نو ریفنڈ کے تحت زیرو ریٹڈ نہ کیا گیا اور برآمدکنندگان کے اربوں روپے کی پھنسے ہوئے ریفنڈ کلیمز کی ادائیگیاں نہ کی گئیں تو اس ہماری برآمدات یونہی آئی سی یو میں آخری سانسیں لیتی رہیں گی۔ انہوں نے حکومت کی غلط پالیسیوں پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جن برآمدی صنعتوں نے پچھلے 15 سے 20 سال میں افزائش حاصل کی تھی وہ اب تیزی سے بند ہورہی ہیں اور اگر کوئی صنعت مرجاتی ہے تو اس کی بحالی ناممکن ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم برآمدات کی تباہی کے بارے میں حکومت کو پچھلے کئی سالوں سے آگاہ کررہے ہیں مگر لگتا ہے کہ حکومت کو اس کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ ہمارے وزیرخزانہ ہر بجٹ میں ریفنڈز کی ادئیگیوں کا وعدہ کرتے ہیں جن کے پورا ہونے کی نوبت ہی نہیں آتی۔ بدقسمتی یہ ہے کہ حکومت اپنے ہی قائدے قوانین توڑ رہی ہے۔ ایف بی آر کا قاعدہ ہے کہ ریفنڈ پیمنٹ آرڈر کی تاریخ کے سات دن کے اندر سیلز ٹیکس ریفنڈ کلیمز کی ادائیگیاں کردی جائیں گی مگر اس قاعدے کی سنگین خلاف ورزی کی گئی ہے اور تاحال اربوں روپے کے کلیمز رکے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے ممبرز کو سرکلر جاری کیا تھا کہ آر پی اوز کے اجرا کے بعد رکے ہوئے ریفنڈ کلیمز کی تفصیل بھیجیں جس پر صرف 4 دن میں 2 ارب روپے کے کلیمز کی تفصیل مل گئی اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو حکومت کو اپنی برآمدات کو اللہ حافظ کہہ کر اپنے کشکول پر انحصار جاری رکھنا پڑے گا۔ اگر حکومت برآمدات نہیں چاہتی تو صاف کہہ دے تاکہ ہم اپنی صنعتیں بند کرکے کوئی اور کام کریں یا ملک سے باہر چلے جائیں۔ ٹیکسٹائل انڈسٹری کے ممتاز رہنما زبیر موتی والا نے کہا کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے اپنی ٹیکسٹائل صنعت کو ناقابل یقین ترغیبات اور مراعات دی ہیں جس سے بھارتی ٹیکسٹائل مصنوعات کی پیداواری لاگت بہت کم ہوگئی ہے جو پاکستانی برآمد کنندگان کے لئے مزید مشکلات کا باعث بنے گی۔ اس موقع پر ویلیوایڈیڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی ایسوسی ایشنوں کے سربراہان ڈاکٹر خرم طارق، عبدالرشید فوڈروالا، کامران چاندنہ، خواجہ عثمان، رفیق گوڈیل، ذوالفقار علی چوہدری، فرخ مقبول، عبدالصمد بھی موجود تھے۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI